**URDU**

**APPENDIX B**

ڈیئر پیرینٹ (والد/ والدہ)
پیرینٹ گورنر الیکشن بمقام

< >

میں آپکو اطلاع دینے کیلئے لکھ رہا ہوں/ رہی ہوں کہ ہمارے اسکول میں پیرینٹ گورنر(ز) کے لئے ( ) جگہیں خالی ہیں اور میں آپکو الیکشن میں حصہ لینے کے لئے یا دیگر والدین کو نامزد کرنے کے لئے مدعو کر رہا ہوں/ رہی ہوں۔

دی گورننگ باڈی، ہیڈ ٹیچرکے ساتھ ملکر اسکول چلانے کیلئے مکمل طور پر ذمہ دار ہے۔
گورننگ باڈیز کے ذمہ تین اہم کام ہیں۔

• واضح تصور، کردار، اور حکمت عملی کی سمت کو یقینی بنانا:
• ہیڈ ٹیچر کواسکول اوراسکے طلبہ کی تعلیمی کار کردگی کا ذمہ دار بنانا: اور
• اسکول کی مالی کارکردگی پر نظر رکھنا اور اس بات کی یقین دہانی کرنا کہ اسکی رقم مناسب طریقے سے خرچ کی جا رہی ہے۔

اس کردار کیلئے گورنرز کو سختی کے ساتھ پابند ہونا پڑیگا، کسی بھی سوال پر تجسس اور تجزیہ نیزسیکھنے پر آمادگی کا پابند ہونا ہوگا۔ بہر کیف ہم ان مہارتوں کے حامل والدین کی نامزدگی کا خیر مقدم کرتے ہیں:> <

ہمارے پیرینٹ گورنر کیلئے عہدے کا عرصہ ( ) سالوں کا ہوگا۔ ہماری گورننگ باڈی عمومی طور پر سال میں ( ) مرتبہ میٹنگ کرتی ہے اور ( ) کمیٹیاں ہیں جو ( ) مرتبہ ایک ٹرم میں ملاقات کرتی ہیں۔

اگر آپ الیکشن میں حصہ لینا چاہتے ہیں یا کسی اور کو نامزد کرنا چاہتے ہیں تو منسلک فارم کو پر کریں اور اپنے بچے کے ذریعہ اسکول کو لوٹا دیں۔ نامزدگی کے پر کئے ہوئے فارم تاریخ ( ) تک اسکول کا وقت ختم ہونے سے قبل لوٹا دیے جایئں۔ اگر نامزدگیوں کی تعداد خالی جگہوں سے زیادہ ہوئی تو اس صورت میں انتخابات کروائے جائینگے اور ہر ایک والدین کو ایک ووٹنگ پیپر انکے بچے کے ذریعہ بھیجا جائیگا۔

اگر آپ پیرینٹ گورنر کی حیثیت سے خدمات انجام دینے کے لئے اپنی اہلیت کے بارے میں یا گورنر کی ذمہ داریوں کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو میرے ساتھ رابطہ قائم کریں۔

آپکا / آپکی مخلص

ہیڈ ٹیچر

Head Teacher

**APPENDIX C**

## پیرینٹ گورنرز کے الیکشن

## نامزدگی کا طریقہ کار۔ والدین کے لئے نوٹ

### اہلیت

1۔ اسکے لئے لازمی ہے کہ آپ اسکول میں رجسٹر شدہ طالبعلم کے والد/ والدہ ہیں ۔ والدین کی تعریف میں ہر وہ شخص شامل ہے جسکے پاس وہ تمام حقوق ، فرائض ، استطاعت اور ذمہ داریاں اور اختیار ہو جو ایک بچہ کے والدین کے پاس قانونی طور پر ہوتا ہے اور اسی لئے اس میں محض بچہ کے حقیقی والدین ہی شامل نہیں بلکہ دوسرے افراد مثلا سوتیلے والدین یا حقیقی والدین یا رضاعی والدین کے رشتہ دار یا پارٹنرز بھی شامل ہیں۔

2۔ آپ پیرینٹ گورنر بننے کے اہل نہیں ہیں اگر :

- آپ اسکول میں سالانہ 500 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں:
- آپ لیسٹر سٹی کونسل کے **الیکٹیڈ** ممبر ہیں
- آپ قوانین کے تحت نااہل قرار دیئے جا چکے ہیں۔ اہلیت کی شرائط کا خلاصہ اس خط کے ساتھ منسلک ہے۔

اگر آپکو پیرینٹ گورنر بننے کے لئے اپنی اہلیت کے بارے میں کوئی شک ہے ، براہ مہربانی ہیڈ ٹیچر کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔

3۔ تمام گورنرز کا تقرر اہلیت کے دستخط شدہ اقرارنامے پر منحصر ہوگا۔

### الیکشن کیلئے کیسے کھڑے ہوں

4۔ اگر آپ الیکشن کیلئے کھڑے ہونے کے خواہشمند ہیں ، براہ کرم منسلک فارم کو پر کریں اور اسکول میں رجسٹر شدہ کسی دوسرے طالبعلم کے والدین سے اپنی نامزدگی کی تائید کیلئے بات کریں۔ وہ شخص آپکا شوہر / بیوی یا پارٹنر نہیں ہو سکتا۔

5۔ تمام امیدواروں کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے بارے میں اپنا ذاتی بیان فراہم کریں تاکہ الیکشن کی صورت میں ووٹ دہندگان کے درمیان تقسیم کرایا جا سکے۔

6۔ پر کئے ہوئے نامزدگی کے فارم تاریخ < > تک اسکول کا وقت ختم ہونے سے قبل اسکول کو لوٹا دیئے جائیں ۔ آپ اپنا فارم بذریعہ پوسٹ اسکول کو بھیج سکتے ہیں لیکن مذکورہ تاریخ تک فارم کا ہیڈ ٹیچر تک پہنچنا ضروری ہے۔

## APPENDIX D

### اسکول گورنر کی حیثیت سے خدمات انجام دینے کیلئے معیار قابلیت

الیکشن میں کھڑے ہوتے وقت یا تقرری کے وقت گورنر کی عمر 18 سال یا زیادہ ہونی چاہیئے ، کسی ایک اسکول میں ایک سے زائد گورنرشپ نہیں رکھ سکتے۔

**ایک شخص گورنر کا عہدہ سنبھالنے یا بحیثیت گورنراپنے عہدے کو برقرار رکھنے کیلئے یا شریک ممبر بننے کیلئے نا اہل قرار دیا جائیگا اگر :**

• اس پر دیوالیہ پن کے سبب پابندی کا حکم عائد ہے، دیوالیہ پن کے سبب ایک عارضی پابندی کا حکم ہے، ڈیٹ ریلیف آرڈر( مقروض کو ملنے والی رعایت کا حکم) یا انٹیرم ڈیٹ ریلیف آرڈر (مقروض کو ملنے والی رعایت پر عارضی حکم )کی پابندیاں عائد ہیں۔

•ان کی ملکیت ضبط ہو چکی ہے اور ضبط کا حکم موقوف، منسوخ نہیں ہوا یا اسمیں تخفیف بھی نہیں ہویٔ ہے

اگر وہ شخص درجہ ذیل کے زمرے میں آتا ہے:

۔ کمپنی ڈائیریکٹرز ایکٹ 1986 کے تحت نا اہلیت کا آرڈر یا نا اہلیت کی انڈر ٹیکنگ ہو چکی ہے ۔

۔ نااہلیت کا حکم کمپنیز ڈائیریکٹرزڈسکوالیفیکیشن (شمالی آیئرلینڈ) آرڈر 2002 کے تحت ہے۔

۔ نااہلیت کا حکم کمپنی ڈائیریکٹرزڈسکوالیفیکیشن (شمالی آیئرلینڈ) آرڈر 2000 کے تحت منظور ہو چکا ہے۔

۔ انسولوینسی ایکٹ ( کائونٹی کورٹ ایڈمینیسٹریشن کے تحت پیسے بھرنے میں ناکام ہونا) 1986 کے سیکشن بی (2) 429 کیمطابق حکم نامہ صادر ہو چکا ہے ۔

• آفس آف چیریٹی ٹرسٹی سے یا کسی چیریٹی کے ٹرسٹی ہونے سے، چیریٹی کمیشن یا کمشنرز یا ہائی کورٹ کے آرڈر سے چیریٹی کے نظم و نسق میں کسی بد اخلاقی یا بد انتظامی کے سبب خارج کیا گیا ہو، یا سیکشن 34کے تحت چیریٹیز اور ٹرسٹیز انویسٹمینٹ (اسکاٹ لینڈ) ایکٹ 2005 کیمطابق انتظامی امور میں یا اختیار کے حوالے سے کسی بھی فرد نےتشویش کا اظہار کیا ہو:

• اسکا نام سیکریٹیری آف سٹیٹ کے خیال کیمطابق اس لسٹ میں موجود ہے جنہیں بچوں کے ساتھ کام کرنے کیلئے نا اہل قرار دیا گیا ہے۔

•اسے بچوں کے ساتھ کام کرنے کے لئے نا اہل قرار دیا جا چکا ہے اور سیکشن 142 ایجوکیشن ایکٹ 2002 کے حکم کی رو سے نا اہل قرار دیا گیا ہے۔

• سیکشن 28، 29 یا 29 اے او ڈی دی کریمینل جسٹس اینڈ کورٹ سروسزایکٹ 2000 کے تحت بچوں کے ساتھ کام کرنے کیلئے نا اہل قرار دیا جا چکا ہے ۔

•بچوں کی نگہداشت اور ڈے کیئر مہیا کروانے کے لئے پارٹ 2 آف دی چلڈرن اینڈ فیملی (ویلز) میزر 2010 کے تحت رجسٹریشن کروانے کیلئے نا اہل قرار دیا چکا ہے:

چائیلڈ کیئر ایکٹ 2006 پارٹ 3 کے تحت ریجسٹریشن کیلئے نااہل قرار دیا چکا ہے۔

•گورنر بننے کے بعد یا اس سےقبل 5 سال کے عرصے میں کم از کم 3 ماہ قید کی سزا ( سزائے معلق ہو یا نہ ہو) ( ادائیگیٔ جرمانہ کا اختیار نہ ہو) مل چکی ہے۔

•گورنر بننے سے قبل 20سال کے عرصے میں 2.5 (ڈھائی سال) یا زیادہ قید کی سزا مل چکی ہے:

• کسی بھی وقت میں 5 سال یا اس سے زیادہ قید کی سزا مل چکی ہے۔

•گورنر بنبے یا اسکے لئے الیکشن میں حصہ لینے سے قبل 5 سال کے عرصے میں سیکشن 547 آف ای اے 1996 ( اسکول کے احاطے میں ضرر رسانی کا کام کرنا یا خلل ڈالنا) یا سیکشن 85 اے فردر اینڈ ہائر ایجوکیشن ایکٹ 1992 ( تعلیمی عمارت میں ضرر رسانی کا کام کرنا یا خلل ڈالنا) کے تحت سزایافتہ ہے ۔

• اگر اسکول کا ملازم ہے اور ہر تعلیمی سال میں 500 گھنٹےسے زیادہ کام کرتا ہے ، اگر اسی اسکول میں پیرینٹ گورنر بننے کیلئے کھڑا ہونا چاہتا ہے۔

• لوکل آتھوریٹی کا منتخب ممبر ہے، ( صرف والدین اور کمیونٹی گورنرز پر لاگو ہوتا ہے)

• گورننگ باڈی کے کلرک نے سیکشن 113 بی آف دی پولیس ایکٹ 1997 کے تحت کریمنل رکارڈز سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے درخواست لکھنے کی گزارش کی جسے اس نے مسترد کر دیا ہے۔

• گورننگ باڈی کی میٹنگز میں مسلسل چھ ماہ تک غیر حاضر رہنے کیوجہ سے اس اسکول کے گورنر کا عہدہ برقرار رکھنے کیلئے نااہل قرار دیا جا چکا ہے۔

**(اہلیت کے تعلق سے مزید وضاحت یا صلاح مشورہ کیلئے براہ کرم ہیڈ ٹیچر سے رابطہ قائم کریں)**

**APPENDIX E**

## نامزدگی فارم انتخابات برائے پیرینٹ گورنر

< >

### امیدوار اسے پر کریں

نام:

(براہ مہربانی بڑے حروف میں لکھیں) ........................................................................

پتہ: ........................................................................

........................................................................

فون نمبر ........................................................................

دستخط ........................................................................

**امیدوار کا ذاتی بیان ( اگر چاہیں تو علیحدہ پرچہ منسلک کر سکتے ہیں)**

**امیدوار کو نامزد کرنے والے اسے مکمل کریں**
(امیدوار کی زوجہ/ شوہر یا پارٹنر ہرگز نہیں ہونے چاہیئے)

نام:........................................................................
**(براہ مہربانی بڑے حروف میں لکھیں)**
پتہ........................................................................

........................................................................
دستخط

........................................................................

**یہ فارم ہر صورت میں بتاریخ ( ) اسکول کا وقت ختم ہونے سے قبل اسکول کو پہنچانا ضروری ہے۔**

**APPENDIX F**

**پیرینٹ گورنرز کا انتخاب**

**الیکشن میں ووٹنگ کے تعلق سے والدین کی رہنمائی کلیے نوٹ**

1- انتخابی پرچے

( اے ) آپ ممکن ہے کہ صرف (      ) امیدوار / امیدواروں کو مناسب خانہ / خانوں پر x لگاکر ووٹ دیں۔ آپ کوئی دوسرا نشان انتخابی پرچہ پر نہ لگائیں۔
ہر پیرینٹ کو ایک علیحدہ فارم پر ووٹ کرنا ضروری ہے۔

(بی) اگر آپ نے اپنا انتخابی پرچہ ضائع یا گم کر دیا ہے تو ہیڈ ٹیچر سے اسکی ایک نقل طلب کریں۔

2- **بیلیٹ پیپر (انتخابی پرچہ کو لوٹانا)**

(اے) پر کئے ہوئے انتخابی پرچے ( اگر چاہیں تو لفافے میں ڈالکر)بہر صورت اسکول کا وقت ختم ہونے سے قبل تاریخ (          ) تک اسکول کو لوٹا دیے جائیں۔ آپ اپنا فارم اسکول کو پوسٹ کر سکتے ہیں لیکن مذکورہ تاریخ تک اسکا ہیڈ ٹیچر تک پہنچنا ضروری ہے ۔

(بی) جب انتخابی پرچے اسکول کو لوٹا دیئے جائینگے ، انہیں مہربند بکسےیا ڈبے میں حفاظت کے ساتھ رکھ دیا جائیگا اور گنتی کے دن کھولا جائیگا۔

**3. انتخابات کا طریقہ**

(اے) ہیڈ ٹیچر اسکول میں رٹرننگ آفیسر ( منتظم انتخابات) کا کردار ادا کریگا اور الیکشن کے انتظامات کیلئے ذمہ دار ہوگا۔

(بی) جو امیدوار سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرینگے / کریگا اسے منتخب کر لیا جائیگا ۔

(سی) ووٹ دہندگان کیلئے رجسٹر نہیں رکھا جائیگا لیکن ہیڈ ٹیچر الیکشن کو منصفانہ طرز پر کروانے کیلئے ہر مناسب اقدام اٹھائیگا ۔

(ڈی) اگر کوئی شخص انتخابی پرچے کو حاصل کرنے میں یا اسے واپس لوٹانے میں ناکام رہا تو الیکشن کو مسترد نہیں کیا جائیگا ۔

**4. گنتی**

(اے) ہیڈ ٹیچر ووٹوں کی گنتی امیدواروں / یا انکے نمائندوں کی موجودگی میں بتاریخ (          ) تمام پارٹیوں کی با ہمی رضا مندی سے متعین وقت پر کریگا اور الیکشن میں کامیاب ہونے والے شخص کا اعلان بھی کریگا۔

(بی) ہیڈ ٹیچر ، خراب شدہ اور غیر معتبر پرچوں کا فیصلہ کسی بھی موجود امید وار کے ساتھ مشاورت کرکے کریگا ۔

(سی) اگرمقابلہ دو یا زیادہ امیدواروں کے درمیان کسی ایک خالی جگہ کو بھرنے کیلئے برابر ہو جاتا ہے تو ، سکے کو اچھال کر ٹاس کے ذریعہ نتیجے کا فیصلہ کیا جائیگا ۔

(ڈی) انتخابی پرچے اسکول کے پاس چھ مہینے تک رکھے جائینگے۔

**5. نتیجے کا اعلان**

ہیڈ ٹیچر تمام والدین کوالیکشن کے نتیجے کی اطلاع اسکول کے عام ذرائع ابلاغ جیسے نیوز لیٹر کے ذریعہ کریگا۔

APPENDIX G

## انتخابی پرچہ پیرینٹ گورنرز کے انتخابات کے لئے

< >

### امیدواروں کی فہرست

| | | |
|---|---|---|
| 1. | امید وار کا نام | ☐ |
| 2. | امید وار کا نام | ☐ |
| 3. | امید وار کا نام | ☐ |
| 4. | امید وار کا نام | ☐ |
| 5. | امید وار کا نام | ☐ |
| 6. | امید وار کا نام | ☐ |
| 7. | امید وار کا نام | ☐ |
| 8. | امید وار کا نام | ☐ |
| 9. | امید وار کا نام | ☐ |
| 10. | امید وار کا نام | ☐ |

آپ صرف (      ) امیدوار / امیدواروں کو مناسب خانہ / خانوں پر
x لگاکر ووٹ دے سکتے ہیں۔ آپ کوئی دوسرا نشان انتخابی پرچہ پر نہ لگائیں ۔

اس فارم کے ساتھ وہ بیانات منسلک ہیں جو **امیدواروں نے اپنے متعلق لکھکر بھیجے** ہیں تاکہ ووٹ دینے والوں کو اپنی پسند میں آسانی ہو۔